# BEFORE THE KHYBER PAKHTUNKHWA SERVICE TRIBUNAL, PESHAWAR

1962/23

Khyber Pakhtukhwa Service Tribunal
No. 9089
Dated 16-11-2023

Hazrat Bilal

Versus

Commandant FRP etc

**APPLICATION FOR SUBMITTTING/PLACE ON FILE THE INQUIRY REPORT**

Next date 20-11-23.

**Respectfully Sheweth;**

**A.** That the subject appeal of the petitioner is pending adjudication in the honorable court, fixed for hearing today.

**B.** That on previous date of hearing this honorable court has directed the petitioner to submit/place on file the departmental inquiry.

***Inquiry report is Annex 1***

It is, therefore, humbly prayed that on acceptance of this application, the annexed report may kindly be placed on file.

Petitioner

Through

**Numan Khan Lodhi**
Advocate, Peshawar
Dated: 16-11-2023

Peshawar

1

## انکوائری رپورٹ

جناب عالی!

بحوالہ مشمولہ انکوائری کاغذات برخلاف کنسٹیبل بلال نمبر1513 ایف آر پی ہیڈ کوارٹر پشاور معروض خدمت ہوں کہ مذکورہ کنسٹیبل بحوالہ مقدمہ علت نمبر114 مورخہ 09.05.2020 جرم302/34 PPC تھانہ بنگرام ضلع چارسدہ میں ملوث ہے۔ جس پر مذکورہ کنسٹیبل کو بحوالہ آرڈر نمبر636-39/PA مورخہ 13.05.2020 پر جناب ڈپٹی کمانڈنٹ صاحب ایف آر پی خیبر پختونخواہ پشاور نے معطل لائن کرنے کا حکم صادر فرمایا اور ساتھ ہی مذکورہ کنسٹیبل کے خلاف چارج شیٹ و سمری آف الیگیشن جاری کر کے کاغذات بغرض انکوائری من DSP ہیڈ کوارٹر کو حوالہ کئے۔

دوران انکوائری کنسٹیبل بلال نمبر 1513 ایف آر ہیڈ کوارٹر پشاور پر چارج شیٹ و سمری آف الیگیشن حسب ضابطہ تقسیم کر کے مذکورہ سے زبانی پوچھ گچھ کر کے تحریری بیان لیا گیا جس کا خلاصہ ذیل ہے۔

**<u>خلاصہ بیان ازاں</u> <u>کنسٹیبل بلال نمبر1513 ایف آر پی ہیڈ کوارٹر پشاور</u>** :۔ مذکورہ نے اپنے بیان میں لکھا ہے کہ میں ایجوکیشن بورڈ پشاور ایجوکیشن بورڈ میں ڈیوٹی پر تعینات تھا اور اس دوران سائل کے خلاف بحوالہ مقدمہ علت نمبر114 مورخہ 09.05.2020 جرم 302/34 PPC تھانہ بنگرام ضلع چارسدہ میں اُس کے خلاف جھوٹی دعویداری کی گئی ہے۔ چونکہ سائل اُس وقت شاباشی پر تھا اور وقوعہ کے وقت گھر خود میں موجود تھا اور میرے دیگر بھائی اور والد صاحب کھیتوں میں کام اناج کے غرض سے موجود تھے وہاں پر ہمارے اور چچازاد بھائیوں کے درمیان کسی بات پر لڑائی جھگڑا ہوا اور مدعی مسمی مجید خان نے میرے بھائیوں پر فائر کیا جس کی وجہ سے مذکورہ کا بھائی مسمی عارف اللہ موقع پر وفات ہوا اور مسمی ساتھ ہی میرا چچا مسمی بیت اللہ بھی شدید زخمی ہوا۔ جس میں سائل پر اور سائل کے خاندان کے دیگر افراد کے خلاف مقدمہ علت نمبر114 مورخہ 09.05.2020 جرم 302/34 PPC تھانہ بنگرام ضلع چارسدہ میں جھوٹی دعویداری کی گئی ہے۔ بیان ہمراہ لف ہے۔

اندریں سلسلے CIO تھانہ بنگرام ضلع چارسدہ سے بحوالہ مقدمہ علت نمبر114 مورخہ 09.05.2020 جرم 302/34 PPC میں پراگرس رپورٹ بذریعہ DFC طلب کیا گیا۔ جس کا خلاصہ ذیل ہے۔

**<u>خلاصہ پراگراس رپورٹ CIO تھانہ بنگرام ضلع چارسدہ</u>**:۔ CIO تھانہ بنگرام ضلع چارسدہ نے اپنے رپورٹ میں لکھا ہے کہ کنسٹیبل بلال نمبر1513 کے خلاف مدعی مقدمہ عبدالمجید ولد سعید خان ساکن کوتک نے مقتول عارف اللہ کے قتل کی دعویداری کر کے ملزم بالا بعد وقوعہ روپوش ہو کر جن کے خلاف کاروائی مکمل ہو کر مجرم اشتہاری گردانا گیا تھا۔ مذکورہ نے مورخہ 22.06.2020 کو بعدالت افضال احمد ASJ صاحب شبقدر سے عبوری ضمانت حاصل کر کے مقدمہ ہذا میں گرفتار ہو کر شامل مقدمہ ہے آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 04.7.2020 کو مقرر ہے۔ شامل مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہے۔

اس سلسلے میں HC بختیار انچارج گارڈ ایجوکیشن بورڈ پشاور کو دفتر ہذا طلب کر کے کنسٹیبل بلال نمبر1513 کے ڈیوٹی کے بابت زبانی پوچھ گچھ کر کے تحریری بیان لیا گیا جس نے اپنے بیان میں لکھا ہے کہ کنسٹیبل بلال نمبر1513 اُس کے ساتھ گارڈ ہذا میں تعینات تھا اور مذکورہ کنسٹیبل مورخہ 08.05.2020 کو ہمراہ ڈیوٹی مین شاباشی 02یوم پر گھر خود گیا تھا۔ ڈیوٹی کے لئے واپس نہ آنے پر کنسٹیبل مذکورہ کو بذریعہ ایف آر پی کنٹرول ایف آر پی ہیڈ کوارٹر روزنامچہ میں غیر حاضر کیا گیا۔

مزید محرر ایف آر پی ہیڈ کوارٹر پشاور سے کنسٹیبل بلال نمبر 1513 کے ریکارڈ کے بابت تحریری رپورٹ طلب کیا گیا جس کے مطابق کنسٹیبل بلال نمبر 1513 بحوالہ مقدمہ علت نمبر 114 مورخہ 09.05.2020 جرم 302/34 PPC تھانہ بٹگرام ضلع چارسدہ میں ملوث ہو کر بحوالہ آرڈر نمبر 636-39/PA مورخہ 13.05.2020 پر حسب الحکم افسران بالا صاحبان معطل لائن ہے۔ اور مذکورہ کنسٹیبل اس دوران مورخہ 10.05.2020 تا مورخہ 22.06.2020 تک کل 43 یوم غیر حاضر رہ چکا ہے۔ مزید لکھا ہے کہ کنسٹیبل مذکورہ کی متذکرہ مقدمہ میں مورخہ 03.09.2020 کو سیشن جج شبقدر ضلع چارسدہ کے روبرو پیشی تھی جس کے لئے کنسٹیبل مذکورہ نے افسران بالا صاحبان سے باقاعدہ طور پر ایک یوم رخصت حاصل کی اور دوران پیشی کنسٹیبل مذکورہ کی BBA کینسل ہو کر مذکورہ کو جیل بھیجوایا گیا ہے۔ جس کی رپورٹ بحوالہ مد 17 روزنامچہ 03.09.2020 میں درج ہے۔

جناب عالی!

جملہ ریکارڈ ہمراہ لف شدہ کی رو سے من انکوائری افسر بعد از انکوائری اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ کنسٹیبل بلال نمبر 1513 ایف آر پی ہیڈ کوارٹر پشاور سے گارد ایجوکیشن بورڈ پشاور میں تعینات تھا۔ مذکورہ برطابق بیان گارد ہذا سے مورخہ 08.05.2020 پر 02 یوم روٹین شاباشی پر گھر خود چلا گیا۔ مذکورہ اپنے جائے تعیناتی پر بروقت حاضری نہ کرنے پر انچارج گارد ایجوکیشن بورڈ پشاور نے مذکورہ کو مورخہ 10.05.2020 سے بذریعہ کنٹرول ایف آر پی ہیڈ کوارٹر پشاور روزنامچہ میں غیر حاضر کیا گیا۔ جو کہ مذکورہ نے بعد از 43 یوم غیر حاضر رہنے مورخہ 22.06.2020 پر ایف آر پی ہیڈ کوارٹر پشاور میں اپنی حاضری کی رپورٹ کی۔ اس دوران کنسٹیبل مذکورہ بحوالہ مقدمہ علت نمبر 114 مورخہ 09.05.2020 جرم 302/34 PPC تھانہ بٹگرام ضلع چارسدہ میں ملوث پایا گیا۔ جس میں مذکورہ نے بمطابق رپورٹ CIO تھانہ بٹگرام ضلع چارسدہ بعدالت افضال احمد ASJ صاحب شبقدر سے عبوری ضمانت حاصل کی۔

مقدمہ ہذا میں کنسٹیبل بلال نمبر 1513 کی مورخہ 03.09.2020 کو سیشن جج شبقدر ضلع چارسدہ کے روبرو پیشی تھی جس کے لئے کنسٹیبل مذکورہ نے افسران بالا صاحبان سے باقاعدہ طور پر ایک یوم رخصت حاصل کی اور مذکورہ کی BBA کینسل ہوئی۔ مذکورہ کنسٹیبل گرفتار ہو چکا ہے اور مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہے۔

لہٰذا درج بالا حالات در ریکارڈ کو مد نظر رکھ کر کنسٹیبل بلال نمبر 1513 کی عرصہ حاضری مورخہ 10.05.2020 تا مورخہ 22.06.2020 تک کل 43 یوم کو بلا تنخواہ کرنے اور انکوائری کاغذات عدالتی فیصلہ تک پینڈنگ رکھنے کی سفارش کی جاتی ہے۔

رپورٹ گزارش ہے۔

DSP ہیڈ کوارٹر
ایف آر پی پشاور

ڈسپیچ نمبر 329 مورخہ 11-12-2020

Agree with E.O
Dy: Commandant FRP

Attested